36737- جب موزے پر موزے اور جرابوں پر جرابیں پہنی ہوں تو مسح کس پر کیا جائیگا؟

سوال

کیا دو جرابوں میں سے کسی ایک پر مسح کرنا جائز ہے ؟

اور اگر ایسا کرنا جائز ہے ، تو اس نے مسح کرنے کے بعد ایک جراب اتار دی اور بعد میں وضوء ٹوٹ گیا تو کیا وہ مسح کر سکتا ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

انسان کے لیے موزے کے اوپر موزے ، یا جرابیں پہننا جائز ہے ، اور اگر اس نے اوپر والی جراب پر مسح کیا جس حالت میں ایسا کرنا جائز ہے وہ آگے بیان ہوگی اور پھر اسے تار دیا ، اور بعد میں وضوء ٹوٹ گیا تو بعض اہل علم کے قول کے مطابق اس کے لیے نچلی جراب پر مسح کرنا جائز ہے .

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ نے موزے پر موزے یا جراب پر جراب پہن کر مسح کرنے کے حالات کی تلخیص اس طرح کی ہے :

1– جب کوئی شخص جراب یا موزے پہن لے ، اور اس کا وضوء ٹوٹ جائے تو وضوء کرنے سے قبل اس نے ایک اور جراب یا موزا پہن لیا تو حکم پہلے کے لیے ہے .

یعنی جب وہ اس کے بعد مسح کرنا چاہے تو پہلی جراب پر مسح کرے گا ، اس کے لیے اوپر پہنی ہوئی جراب پر مسح کرنا جائز نہیں .

2– جب اس نے جراب یا موزے پہنے اور پھر وضوء ٹوٹ گیا اور اس نے ان پر مسح بھی کر لیا ، اور بعد میں ان پر اور جراب پہن لی تو صحیح قول کے مطابق اس کے لیے اوپر والی جراب یا موزے پر مسح کرنا جائز ہے ، الفروع میں ہے : امام مالک کے ساتھ موافقت کرتے ہوئے جواز کی توجیہ ہوگی. اھ

اور امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

ظاہر یہی ہوتا ہے ، اور اختیار بھی یہی ہے ، کیونکہ اس نے طہارت پر پہنے تھے ، اور ان کا یہ کہنا کہ : یہ ناقص طہارت ہے ، قابل قبول نہیں. اھ

جب ہم یہ کہینگے تو پھر مسح کرنے کی مدت کی ابتدا پہلے مسح سے ہوگی.

اس حالت میں بھی اس کے لیے بلاشک پہلے پر مسح ہوگا.

3– جب اس نے موزے پر موزے یا جرابیں پہن لیں اور اوپر والے پر مسح کیا اور بعد میں اسے اتار لیا ، تو کیا باقی مدت کے لیے نچلی جراب پر مسح کر سکتا ہے ؟

میرے خیال میں اس کی صراحت کسی نے نہیں کی ، لیکن امام نووی رحمہ اللہ تعالی نے ابو عباس بن سریج سے ذکر کیا ہے کہ : جب موزوں پر جرموق پہنے تو تین معنے ہیں :

اس میں یہ بھی ہے کہ : وہ دونوں ایک ہی موزے کی طرح ہونگے ، اوپر والے ظاہر اور نیچے والے باطن ہونگے .

میں کہتا ہوں: اس بنا پر اوپر والے کی مدت مسح سے لیکر باقی ماندہ مدت میں نیچے والے پر مسح کرنا جائز ہے، جیسا کہ اگر موزے کا اوپر والا حصہ ننگا کر دیا جائے تو نیچے والے باطن پر مسح کیا جائیگا" انتہی

دیکھیں: فتاوی الطہارۃ صفحہ نمبر (192).

جرموق: ایسے موزے کو کہتے ہیں جو عام موزے کے اوپر پہنا جاتا ہے، اور خاص کر بہت زیادہ ٹھنڈے علاقے میں"

دیکھیں: کشاف القناع (130/1).

اور ظہارہ اور بطانۃ سے مراد یہ ہے کہ: اگر موزے دو طبق اور تہہ پر مشتمل ہوں، تو اوپر والی تہہ کو ظہارۃ اور نیچے والی کو بطانہ کہینگے.

دیکھیں: الشرح الممتع (211/1).

واللہ اعلم.